پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358

29ستمبر2020

# ڈبلیوایم اے حداوراوڈی ریگولیشنس میں عبوری راحت میں توسیع

کووڈ-19 کے سبب ریاستی حکومتوں کو بڑی راحت پہنچانے کے مقصد سے ان کی پریشانیوں میں کمی کرنے اور مصائب پر قابو پانے کیلئے طریقہ کار اپنانے اوران کو بازار کی دینداری کیلئے لائق منصوبہ بنانے کیلئے، ریزروبینک نے ڈبلیوایم اے حدکوریاستوں/مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں %60 سے زیادہ بنانے کا اعلان 31 مارچ 2020 کوکیااوراس سلسلہ میں پریز ریلیز مورخہ 17 اپریل 2020 کو جاری کی۔

مزید یہ کہ اس حکم نامہ کے ساتھ ریاستی حکومتوں کو لچک داررویہ اختیار کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے کیش کے فلوناہمواری کونظر انداز کریں، اوورڈرافٹ (اوڈی) ریگولیشنس (قوانین) میں رعایت دیں جو کہ 7 اپریل 2020 سے موثر ہوگی جبکہ یہ طے ہوگیا کہ (الف) دنوں کی تعداد میں اضافہ ریاست/مرکز کے زیرانتظام علاقہ 14 کام کے دنوں سے لے کر 21 کام کے دنوں تک مسلسل اور ڈرافٹ کی سہولت فراہم کی جائے گی اور (ب) دنوں کی تعداد جو کہ ریاست/مرکز کے زیرانتظام علاقہ میں ایک سہ ماہی میں 36 دنوں سے بڑھاکر 50 دنوں تک اوورڈرافٹ کی سہولت دی جاتی ہے۔

دونوں رعایتیں 30 ستمبر 2020 تک فراہم رہیں گی۔

ایک جائزہ کے بعد یہ طے کیا گیا کہ گذشتہ 17 اپریل 2020 اور 7 اپریل 2020 کو اعلان کردہ تجاویز میں ریاستوں/مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ڈبلیوایم اے کی لمٹ اوراوڈی ریگولیشنس میں مزید 6 ماہ تک 31 مارچ 2021 تک توسیع کی جارہی ہے۔

دیگر سبھی شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے وہ ویسے ہی رہیں گی۔

**پریس ریلیز 2020-2021/405**

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر